# ماحول کا مطالعہ

## (حصّہ - ۱)

## پانچویں جماعت



# بھارت کا آئین

## حصہ 4 الف

## بنیادی فرائض

**حصہ 51 الف**

**بنیادی فرائض – بھارت کے ہر شہری کا یہ فرض ہوگا کہ وہ...**

(الف) آئین پر کاربند رہے اور اس کے نصب العین اور اداروں، قومی پرچم اور قومی ترانے کا احترام کرے۔

(ب) ان اعلیٰ نصب العین کو عزیز رکھے اور ان کی تقلید کرے جو آزادی کی تحریک میں قوم کی رہنمائی کرتے رہے ہیں۔

(ج) بھارت کے اقتدارِ اعلیٰ، اتحاد اور سالمیت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کر کے ان کا تحفّظ کرے۔

(د) ملک کی حفاظت کرے اور جب ضرورت پڑے قومی خدمت انجام دے۔

(ہ) مذہبی، لسانی اور علاقائی وطبقاتی تفرقات سے قطع نظر بھارت کے عوام الناس کے مابین یک جہتی اور عام بھائی چارے کے جذبے کو فروغ دے نیز ایسی حرکات سے باز رہے جن سے خواتین کے وقار کو ٹھیس پہنچتی ہو۔

(و) ملک کی ملی جلی ثقافت کی قدر کرے اور اُسے برقرار رکھے۔

(ز) قدرتی ماحول کو جس میں جنگلات، جھیلیں، دریا اور جنگلی جانور شامل ہیں محفوظ رکھے اور بہتر بنائے اور جانداروں کے تئیں محبت وشفقت کا جذبہ رکھے۔

(ح) دانشورانہ رویے سے کام لے کر انسان دوستی اور تحقیقی واصلاحی شعور کو فروغ دے۔

(ط) قومی جائداد کا تحفظ کرے اور تشدد سے گریز کرے۔

(ی) تمام انفرادی اور اجتماعی شعبوں کی بہتر کارکردگی کے لیے کوشاں رہے تاکہ قوم متواتر ترقی وکامیابی کی منازل طے کرنے میں سرگرمِ عمل رہے۔

(ک) اگر ماں باپ یا ولی ہے، چھے سال سے چودہ سال تک کی عمر کے اپنے بچے یا وارڈ، جیسی بھی صورت ہو، کے لیے تعلیم کے مواقع فراہم کرے۔

محکمۂ تعلیمات سے منظور شدہ تحت نمبر:
پر.ش.بس/ ۱۵-۲۰۱۴ء/ ہ/ بھاشا/ منظوری/ ڈ-۵۰۵/ ۲۷/ مؤرّخہ ۲۳/فروری ۲۰۱۵ء

# ماحول کا مطالعہ

## (حصّہ-۱)

## پانچویں جماعت

مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴۱۱۰۰۴

اپنے اسمارٹ فون میں انسٹال کردہ Diksha App کے ذریعے درسی کتاب کے پہلے صفحے پر درج Q.R. code اسکین کرنے سے ڈیجیٹل درسی کتاب اور ہر سبق میں درج Q.R. code کے ذریعے متعلقہ سبق کی درس و تدریس کے لیے مفید سمعی و بصری ذرائع دستیاب ہوں گے۔

H36EQ9

پہلا ایڈیشن: ۲۰۱۵ء (2015)
چھٹا اصلاح شدہ ایڈیشن: ۲۰۲۱ء (2021)

© مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴۱۱۰۰۴
اس کتاب کے جملہ حقوق مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ کے حق میں محفوظ ہیں۔ اس کتاب کا کوئی بھی حصہ ڈائرکٹر، مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل کی تحریری اجازت کے بغیر شائع نہیں کیا جاسکتا۔

**سائنس مضمون کی کمیٹی :**

- **ڈاکٹر رنجن کیلکر، صدر**
- شریمتی مرنالنی دیسائی، رکن
- ڈاکٹر دلیپ آر۔ پاٹل، رکن
- شری اتل دیول گاؤکر، رکن
- ڈاکٹر بال پھونڈکے، رکن
- شری راجیوارون پاٹولے، رکن-سکریٹری

**جغرافیہ مضمون کی کمیٹی :**

- **ڈاکٹر این۔ جے۔ پوار، صدر**
- ڈاکٹر میدھا کھولے، رکن
- ڈاکٹر انعامدار عرفان عزیز، رکن
- شری ابھی جیت گھور پڑے، رکن
- شری سشیل کمار تیرتھ کر، رکن
- شریمتی کلپنا مانے، رکن
- شری روی کرن جادھو، رکن-سکریٹری

**شہریت مضمون کی کمیٹی :**

- **ڈاکٹر یشونت سمنت، صدر**
- ڈاکٹر موہن کاشیکر، رکن
- ڈاکٹر شیلیندر دیولانکر، رکن
- ڈاکٹر اُترا سہستر بدھے، رکن
- شری ارون ٹھاکر، رکن
- شری وبجناتھ کالے، رکن
- شری موگل جادھو، رکن-سکریٹری

**نقشہ نویس** : شری روی کرن جادھو

**سرورق** : شریمتی انورادھا ڈانگرے

**تصاویر اور آرائش** : شری نلیش جادھو، شری دیپک سنکپال، شری مقیم تنبولی، شری سنجے شیتولے، شری وویکانند پاٹل، شری امت جلوی، شری پرتک کالے، شری روپیش گھرت شری منوج کامبلے، شری سمیر دُھرڑے (خلا سے متعلق تصاویر)

**اُردو کمپوزنگ** : یسریٰ گرافکس، ۳۰۵، سوموار پیٹھ، پونہ-۱۱

**کاغذ** : ۷۰ رجی ایس ایم میپ لیتھو

**پرنٹ آرڈر** :

**پرنٹر** :

**رابطہ کار (اُردو)**

**خان نوید الحق انعام الحق**
اسپیشل آفیسر برائے اُردو، بال بھارتی

**اُردو مترجمین**

- ڈاکٹر قمر شریف
- آصف نثار سیّد

**رابطہ کار (مراٹھی)**

**شری راجیوارون پاٹولے**
اسپیشل آفیسر، سائنس

**شری روی کرن جادھو**
اسپیشل آفیسر، جغرافیہ

**شری موگل جادھو**
اسپیشل آفیسر، تاریخ وشہریت

**شریمتی ونیتا تامنے**
سبجیکٹ اسسٹنٹ سائنس

**شریمتی ورشا کامبلے**
سبجیکٹ اسسٹنٹ، تاریخ وشہریت

**طباعت**

**شری سچیتا نند آپھلے**
چیف پروڈکشن آفیسر

**شری ونود گاوڈے**
پروڈکشن آفیسر

**شری متالی شتپ**
پروڈکشن اسسٹنٹ

**ناشر**

**شری وویک اُتم گوساوی**
کنٹرولر
پاٹھیہ پستک نرمتی منڈل، پربھادیوی، ممبئی - ۲۵

# بھارت کا آئین

## تمہید

**ہم بھارت کے عوام** متانت وسنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بھارت کو

**ایک مقتدر سماج وادی غیر مذہبی عوامی جمہوریہ** بنائیں

اور اس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں :

**انصاف**، سماجی ، معاشی اور سیاسی ؛

**آزادی** خیال، اظہار، عقیدہ ، دین اور عبادت ؛

**مساوات** بہ اعتبارِ حیثیت اور موقع ،

اور ان سب میں

**اُخوّت** کو ترقّی دیں جس سے فرد کی عظمت اور قوم کے اتّحاد اور

سالمیت کا تیقّن ہو؛

**اپنی آئین ساز اسمبلی میں** آج چھبّیس نومبر ۱۹۴۹ء کو یہ آئین

**ذریعۂ ہٰذا اختیار کرتے ہیں،**

**وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔**

## راشٹر گیت

جَنَ گَنَ مَنَ - اَدِھ نایک جَیَہ ہے
بھارَت - بھاگیہ وِدھاتا۔

پنجاب، سِندھ، گُجرات، مَراٹھا
دراوِڑ، اُتکل، بنگ،

وِندھیہ، ہماچل، یَمُنا، گنگا،
اُچّھل جَل دِھ ترنگ،

تَو شُبھ نامے جاگے، تَو شُبھ آشِس ماگے،
گاہے تَو جَیَہ گاتھا،

جَنَ گَنَ منگل دایک جَیَہ ہے،
بھارَت - بھاگیہ وِدھاتا۔

جَیَہ ہے، جَیَہ ہے، جَیَہ ہے،
جَیَہ جَیَہ جَیَہ، جَیَہ ہے۔

## عہد

بھارت میرا ملک ہے۔ سب بھارتی میرے بھائی اور بہنیں ہیں۔

مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور مَیں اس کے عظیم و گونا گوں وِرثے پر فخر محسوس کرتا ہوں۔ مَیں ہمیشہ اِس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کروں گا۔

میں اپنے والدین، استادوں اور بزرگوں کی عزّت کروں گا اور ہر ایک سے خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا۔

میں اپنے ملک اور اپنے لوگوں کے لیے خود کو وقف کرنے کی قسم کھاتا ہوں۔ اُن کی بہتری اور خوش حالی ہی میں میری خوشی ہے۔

# پیش لفظ

'بچوں کے لیے مفت اور لازمی تعلیم کے حق کے قانون ۲۰۰۹ء' اور 'درسیات کے قومی خاکہ ۲۰۰۵ء' اور 'ریاست مہاراشٹر کے نصابی خاکہ-۲۰۱۰ء' کو پیش نظر رکھ کر 'پرائمری تعلیم کا نصاب ۲۰۱۲ء' تیار کیا گیا۔ حکومت کے منظور کردہ اس نصاب پر مبنی درسی کتابوں کا نیا سلسلہ تعلیمی سال ۱۴-۲۰۱۳ء سے پاٹھیہ پستک منڈل شائع کررہا ہے۔ اس سلسلے کی ماحول کا مطالعہ حصہ-۱ پانچویں جماعت نامی درسی کتاب پیش کرتے ہوئے ہمیں بڑی مسرت ہورہی ہے۔

اس کتاب کی تیاری میں اس امر کا خاص خیال رکھا گیا ہے کہ درس و تدریس کا عمل 'طفل مرکوز' ہو، عملی سرگرمیوں اور تشکیلِ علم پر زور دیا جائے، پرائمری تعلیم کے اختتام پر طلبہ کو متوقع اقل صلاحیتیں اور آدابِ زندگی کی مہارتیں حاصل ہوجائیں اور تدریسی عمل دلچسپ اور مسرّت بخش ہو۔ اس کے علاوہ نصابِ تعلیم میں مذکور دس بنیادی اکائیوں کو سامنے رکھ کر کتاب تحریر کی گئی ہے۔

اس درسی کتاب میں ہم آہنگ رنگین تصویروں کا استعمال ہوا ہے۔ اس کتاب میں 'بتائیے تو بھلا'، 'آئیے یہ کر کے دیکھیں'، 'آئیے دماغ پر زور دیں'، 'پڑھیے اور بات چیت کیجیے' جیسے عنوانات کے تحت بھی سرگرمیاں دی ہوئی ہیں جو طلبہ کو درسیات کے تصورات اور مقاصد کو سمجھنے اور ذہن نشین ہونے میں مددگار ثابت ہوں گی۔ اس طرح یہ درسی کتاب انھیں ماحول کا مشاہدہ و معائنہ کرنے کی ترغیب دے گی۔ اس بات کی بھرپور کوشش کی گئی ہے کہ زمانے کے تقاضے سے ہم آہنگ اور بامقصد آدابِ زندگی طلبہ پر آسانی سے واضح ہوں۔

درسیات کے تصورات کے اعادہ اور از خود سیکھنے کی رغبت دلانے کے لیے مشقوں میں بھی تنوع پیدا کیا گیا ہے۔ کتاب کی ترتیب کے وقت اس بات کا خیال رکھا گیا ہے کہ اساتذہ طلبہ کی مسلسل ہمہ جہت قدر پیمائی کرسکیں۔

اس درسی کتاب کے ذریعے طلبہ کو ان کے قدرتی، سماجی اور تہذیبی ماحول کا تعارف حاصل ہوگا۔ کوشش کی گئی ہے کہ طلبہ میں اپنے ماحول کو دیکھنے کا نظریہ پروان چڑھے اور ان میں مسائل کو حل کرنے اور انھیں استعمال کرنے کی مفید مہارتوں کا ارتقا ہو۔

اس درسی کتاب کی زبان بچوں کی عمر کے مطابق استعمال کی گئی ہے۔ سائنس، جغرافیہ اور شہریت مضامین کو الگ الگ خانوں میں نہ بانٹتے ہوئے تمام مضامین کو بین العلم ارتباط کے نقطۂ نظر سے ترتیب دیا گیا ہے جس کی وجہ سے ایک ہی سوال اور موضوع کے کئی متبادل ایک ہی وقت میں سیکھنے کا نظریہ ترقی پائے گا۔ ٹیکسٹ بک بیورو نے مہاراشٹر کے تمام طلبہ کی تجرباتی دنیا کو سامنے رکھ کر 'ماحول کا مطالعہ حصہ-۱' کی درسی کتاب مرتب کی ہے۔

درسی کتاب کو زیادہ سے زیادہ بے عیب اور معیاری بنانے کے مقصد سے مہاراشٹر کے تمام علاقوں کے منتخب اساتذہ، ماہرینِ تعلیم، ماہرینِ مضامین اور نصابِ تعلیم کی کمیٹی کے اراکین سے اس کتاب پر آراء حاصل کی گئیں اور ان کی آرا اور مشوروں کی روشنی میں مضمون کی کمیٹیوں نے غور وخوض کرکے کتاب کو آخری شکل دی ہے۔

منڈل کی سائنس، جغرافیہ اور شہریت مضامین کی کمیٹیوں کے اراکین، مجلسِ عاملہ کے اراکین، معیار پرکھنے والے ماہرین اور مصوّر سب نے دل جمعی اور محنت و مشقت سے اس کتاب کو تیار کیا ہے۔ ڈاکٹر محمد اسد اللہ نے بھی اس کتاب میں اپنا تعاون پیش کیا ہے۔ منڈل ان سب کا تہہ دل سے ممنون ہے۔ ہمیں اُمید ہے کہ طلبہ، اساتذہ اور سرپرست اس کتاب کا خیر مقدم کریں گے۔

(سی۔آر۔ بورکر)
ڈائرکٹر
مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و
ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ۔

پونہ
مؤرّخہ: ۵/ مارچ ۲۰۱۵ء

**سائنس مضمون کی مجلسِ عاملہ :** • شریمتی سچیتا پھڑکے • شری وی۔ جی۔ لالے • شریمتی سندھیا لہرے • شری شیلیش گندھے
• شری ابھے یاولکر • ڈاکٹر راجا بھاؤ ڈھیپے • ڈاکٹر شمین پڈلکر • شری ونود ٹیمبے • ڈاکٹر جے سنگھ راؤ دیشمکھ • ڈاکٹر للت شیر ساگر
• ڈاکٹر جے شری رامداس • ڈاکٹر مانسی راجادھیکش • شری سداشیو شندے • شری بابا ستار • شری اروند گپتا۔

**جغرافیہ مضمون کی مجلسِ عاملہ :** • شری بھائی داس سومونشی • شری وکاس جھاڑے • شری ٹکارام سنگرامے • شری گجانن سوریہ ونشی
• شری پدماکر پرلہادراؤ کلکرنی • شری سمن سنگھ بھل • شری وشال آنندھلکر • شریمتی رفعت سیّد • شری گجانن مانکر
• شری ولاس جام دھڑے • شری گوری شنکر کھوبرے • شری پنڈلک نلاوڑے • شری پرکاش شندے • شری سنیل مورے
• شریمتی اپرنا پھڑکے • ڈاکٹر شری کرشن گائیکواڑ • شری ابھی جیت دوڑ • ڈاکٹر وجے بھگت • شریمتی رنجنا شندے • ڈاکٹر سمِتا گاندھی۔

**شہریت مضمون کی مجلسِ عاملہ :** • پروفیسر سادھنا کلکرنی • ڈاکٹر چیتر اریڈکر • ڈاکٹر شری کانت پرانجپے • ڈاکٹر بال کامبلے
• پروفیسر فخرالدین بینور • پروفیسر ناگیش کدم • شری مدھوکر نرڈے • شری وجے چندر تھتے۔

## ماحول کا مطالعہ - حصہ ۱ : پانچویں جماعت

| تجویز کردہ طریقۂ تعلیم | آموزشی ماحصل |
| --- | --- |
| **طالب علم کو انفرادی طور پر/ جوڑی میں/ گروہ میں مواقع فراہم کرنا اور انھیں درج ذیل امور کی ترغیب دینا -**<br>• جانوروں کی غیر معمولی بصارت، سونگھنے کی صلاحیت، نیند اسی طرح روشنی، حرارت، آواز پر ان کا ردِّ عمل وغیرہ نکات کا مشاہدہ و تحقیق کرنا۔<br>• آس پاس کے ماحول سے پینے کے پانی کے ذرائع، پھل، اناج، پانی ہمارے گھر تک کیسے پہنچتا ہے، اس پر مختلف اعمال/ تکنیک جن کا استعمال کرکے اناج سے آٹا اور آٹے سے روٹی کس طرح بنتی ہے یا پانی کو صاف کرنے کا طریقۂ کار وغیرہ باتوں کی تحقیق کرنا۔<br>• مختلف مقامات کی سیر کرکے یکجا کی ہوئی معلومات کے بارے میں ہم جماعت، استاد، بڑوں کے ساتھ بات چیت کرنا اور تجربات بیان کرنا۔<br>• ایک مقام سے دوسرے مقام تک جانے کے لیے رہنما راستہ تیار کرنا۔<br>• تیز حواس رکھنے والے جانور (سماعی، بصری اور سونگھنے کی طاقت) مختلف جغرافیائی خطے مثلاً میدانی خطہ، پہاڑی خطہ، صحرائی خطہ؛ ان مقامات کا حیاتی تنوع، باشندوں کی زندگی جیسے نکات پر فلموں/ بزرگوں/ کتابوں/ اخبارات/ رسائل/ ویب سائٹس، ذرائع/ میوزیم وغیرہ کے ذریعے معلومات حاصل کرنا۔<br>• مختلف علاقوں، مختلف زمانوں کے اناج، مسکن، پانی کی دستیابی، سماجی اصلاح کے ذرائع، ریتی رواج، روایات، تکنیک جیسے سماجی زندگی کے مختلف اُمور کی معلومات حاصل کرنے کے لیے تصویروں، میوزیم کی سیر، بزرگوں سے بات چیت جیسے ذرائع کا استعمال کرنا۔<br>• پٹرول پمپ، نیچر پارک، سائنس پارک، تلخیص آب مراکز، بینک، حفظانِ صحت مراکز، جنگلی جانوروں کے مامن، باہمی امداد کے مراکز، تاریخی عمارتیں، میوزیم وغیرہ کی سیر کرنا۔ ممکن ہو تو دور کے متنوع خطوں کی سیر کرکے وہاں کے طریقۂ زندگی اور اصلاحی طریقۂ کار کا مشاہدہ کرکے وہاں رہائش پذیر لوگوں سے بات چیت کرنا اور مختلف طریقوں سے تجربات بیان کرنا۔<br>• پانی کی تبخیر، تکثیف، پانی میں مختلف حالتوں میں مختلف اشیا کس طرح حل ہوتی ہیں، غذا کس طرح خراب ہوتی ہے، بیجوں میں کلّے کس طرح پھوٹتے ہیں، نیز جڑ اور تنے کی نمو کس سمت میں ہوتی ہے، ان مظاہر کی معلومات حاصل کرنے کے لیے آسان تجربات اور سرگرمیاں انجام دینا۔ | **طالب علم**<br>05.95A.01 جانوروں غیر معمولی خصوصیات (نظر، سونگھنا، سننا، سونا، آواز وغیرہ) اور ان کا روشنی، آواز، غذا وغیرہ سے متعلق ردِّ عمل کی وضاحت کرتا ہے۔<br>05.95A.02 روزمرہ زندگی میں ٹکنالوجی کا استعمال اور بنیادی ضروریات (غذا، پانی وغیرہ) کے حصول کے طریقوں کی وضاحت کرتا ہے۔ روزمرہ زندگی کے مختلف اداروں (بینک، پنچایت، باہمی تعاون کے اِدارے، پولس اسٹیشن وغیرہ) کے کردار اور کاموں کی وضاحت کرتا ہے۔<br>05.95A.03 جانوروں، نباتات اور انسانوں کا ایک دوسرے پر انحصار کو بیان کرتا ہے۔ (جیسے جانوروں سے سماج کا حصولِ ضروریاتِ زندگی، بیجوں کا انتشار)<br>05.95A.04 جغرافیائی خطہ، آب و ہوا، قدرتی وسائل (غذا، پانی، مکان، ضروریاتِ زندگی) اور تہذیبی زندگی (جیسے دور دراز علاقے / مشکلات سے گھرے ہوئے علاقے، گرم، سرد، صحرائی باشندوں کی زندگی) کے درمیان تعلق قائم کرتا ہے۔<br>05.95A.05 چیزوں، اشیا، نیز ظاہری شکل و صورت، ذائقہ، رنگ، بناوٹ، آواز اور خصوصیات جیسی اکائی / خصوصیات سمجھنے کے لیے سرگرمیوں کے گروہ تیار کرتا ہے۔ |

- مختلف اشیا/ بیج/ پانی / بے کار اشیا وغیرہ کی خصوصیات کی جانچ کرنے کے لیے سرگرمیاں اور آسان تجربات انجام دینا۔
- آس پاس کے ماحول کا مشاہدہ کر کے تحقیق کرنا اور بیج ایک مقام سے دوسرے مقام تک کس طرح پہنچتے ہیں، جنگل جیسے مقامات پر جہاں کوئی بھی درخت اُگاتا نہیں، وہاں بھی درخت کس طرح اُگتے ہیں، انھیں پانی کون ڈالتا ہے، وہ درخت کس کی ملکیت ہیں؛ اس طرح کے مختلف اُمور پر تشخیصی غور وفکر کرنا۔
- اپنے گرد و پیش میں رین بسیرا، کیمپ میں رہنے والے لوگوں، معمروں کے آشرم جا کر ملاقات کرنا، بزرگوں/ معذور افراد سے بات چیت کرنا۔ اسی طرح ترکِ وطن کرنے والے افراد سے بات چیت کر کے ان کے اصل مقام کون سے، ان کے آبا و اجداد سالہا سال جہاں رہتے آئے، وہ مقام انھوں نے کیوں ترک کیا، لوگوں کی نقل مکانی اور اس سے ماحولیات پر ہونے والے اثرات پر بات چیت کرنا۔
- گھر/ اسکول/ پڑوس کی صورتحال سے متعلق بچوں کے تجربات کے حوالے سے سرپرست، اساتذہ، ہم جماعت، گھر/ سماج کے بزرگوں سے معلومات حاصل کر کے تشخیصی غور وفکر، بحث ومباحثہ کرنا۔
- جانبداری، تعصب، روایتی سوچ جیسے موضوعات پر ایک دوسرے کی موافقت اور مخالفت میں مثالیں دے کر ہم جماعت ساتھی، استاد اور بزرگوں سے آزادانہ طور پر بات چیت کرنا۔
- اطراف میں موجودہ محکمے/ ادارے مثلاً بینک، آبی محکمہ، دواخانہ، آفات کا تدارکی مرکز کی سیر کر کے متعلقہ افراد سے بات چیت کرنا اور ان سے متعلقہ دستاویزات سمجھنا۔
- اطراف و اکناف کے مختلف ادارے/ شعبے جیسے بینک، آبی محکمہ، دواخانے، آفات کے تدارک کا نظم کے آفس کو جا کر وہاں کے منتظم سے بات چیت کر کے ان کے متعلقہ کاغذات کی معلومات حاصل کرنا/ مطلب اخذ کرنا۔
- مختلف قسم کے جغرافیائی علاقوں اور وہاں کے جانداروں کے تنوع، سماجی ضروریات کی تکمیل کرنے والے مختلف ادارے، جانداروں کا برتاؤ، پانی کو خالص کرنے سے متعلق مختلف معلومات حاصل کرنا۔
- کسی ایک علاقائی جغرافیائی خصوصیات اور اس سے پیدا ہونے والے کاروبار پر بامعنی بحث و مباحثہ کرنا۔
- سادے اعمال کرنا، مشاہدات کی اندراجی جدول/ تصویریں/ ترسیم/ پائے چارٹ/ زبانی/ تحریری وغیرہ نوعیت میں جتن کرنا اور اس کا مطلب اخذ کر کے نتیجہ نکالنا۔
- جانداروں (جانور اور نباتات) سے متعلق اعتقاد پر بحث جیسے زمین پر زندگی گزارنے کے حق دار، جانوروں کے حقوق، جانوروں کے اخلاقی برتاؤ۔
- سب کی فلاح کے لیے بے لوث کام کرنے والے افراد کے تجربات اور اُن کی ترغیب سے واقف ہونا۔
- نباتات کا تحفظ کرنا، پرندے/ جانوروں کو غذا مہیا کرنا، تاریخی مقامات/ بزرگوں، معذوروں کی نگہداشت کرنا، اُن سے ہمدردی کا اظہار کرنا۔ قیادت کی خصوصیت کے لحاظ سے پہل کر کے گروہ میں ایک ساتھ کام کرنے کے عملی ثبوت دینا۔ جیسے مختلف اندرونی / بیرونی / مقامی/ ہم عصر سرگرمی، کھیل، رقص، فنونِ لطیفہ وغیرہ کے پروجیکٹ تیار کرنا یا ان میں رول پلے کرنا۔
- ناگہانی آفات سے مقابلہ کرنے کی تیاری کے پیش نظر نقلی مشق کرنا۔
- محوری اور مداری گردش کے عمل کو سمجھنا۔
- نقشے سے زمینی شکلوں کو پہچاننا اور بنانا۔ مثلاً قطوری خطوط، رنگ دینے کا طریقہ مثلاً مظاہراتی خاکہ وغیرہ کے نشانات اور علامات کا فرق جاننا۔
- بھارت کی قدرتی بناوٹ سمجھنا۔
- بھارت میں مختلف زبانیں، لباس، عید تہوار خصوصیات وغیرہ کی معلومات جمع کرنا۔
- زمانے کے لحاظ سے آمد ورفت اور مواصلاتی ذرائع کو سمجھنا۔

05.95A.06 سلیقہ مندی کے ساتھ مشاہدات/ تجربات/ معلومات کا اندراج کرتا ہے (جیسے جدول میں/ خاکے/ ستونی ترسیم/ دائروی ترسیم-Pie charts)۔ مختلف اعمال / مظاہر میں موجود تواتر کو بیان کرتا ہے (جیسے تیرنا، ڈوبنا، ملانا، عملِ تبخیر، بیجوں کو اُپجنے کے قابل بنانا، سڑنا گلنا)۔ اور ان کے درمیان وجہ اور اثرات کا تعلق جوڑتا ہے۔

05.95A.07 علامات، سمت، مختلف اشیا/ کسی علاقے کا اہم مقام/ سیر کیے ہوئے مقام کو نقشے میں پہچانتا ہے اور کسی مقام کے حوالے سے سمت پہچانتا ہے۔

05.95A.08 مختلف مقامی/ بے کار اشیا کی مدد سے پوسٹر، ڈیزائن، ماڈلس، ترتیبی سامان، مقامی خوردنی اشیا، تصویریں، خاکے (پاس پڑوس/ مختلف سیر کردہ مقامات) بناتا ہے۔ نظم، نعرے/ سفرنامے وغیرہ کی تخلیق کرتا ہے۔

05.95A.09 مشاہدہ کردہ/ تجربات میں آئے ہوئے سوالات پر اپنی رائے کا اظہار کرتا ہے۔ سماجی رسم و رواج / واقعات پر سماج میں پیدا ہونے والے بڑے سوالات سے مربوط کرتا ہے۔ (جیسے قدرتی وسائل کا استعمال/ مالکانہ حقوق میں امتیازی سلوک، نقل مکانی، بازآبادکاری، بچوں کے حقوق وغیرہ)

05.95A.10 صاف صفائی، حفظانِ صحت، کچرا/ آفات/ ناگہانی حالات کے لیے نظم اور قدرتی وسائل کا تحفظ اور بچت (زمین، ایندھن، جنگلات وغیرہ) کے لیے مشورے تجویز کرتا ہے اور متاثرین /محروم زدگان سے متعلق احساسِ یگانگت کا اظہار کرتا ہے۔

05.95A.11 نقشے میں نشانیوں اور علامتوں کے ذریعے نقشہ خوانی کرتا ہے۔

05.95A.12 نقشے سے بھارت کی قدرتی بناوٹ واضح کرتا ہے۔

05.95A.13 بھارت کی سیاسی سرحدوں کو ذہن میں رکھتے ہوئے جغرافیائی، سماجی اور تہذیبی خصوصیات کو بیان کرتا ہے۔

05.95A.14 آمد و رفت اور مواصلاتی نظام کے بے تحاشہ استعمال سے نباتات اور ماحول پر ہونے والے اثرات بیان کرتا ہے۔

# فہرست


| نمبر شمار | سبق کا نام | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۔ | ہماری زمین - ہمارا نظامِ شمسی | ۱ |
| ۲۔ | زمین کی گردش | ۶ |
| ۳۔ | زمین اور جانداروں کی دنیا | ۱۱ |
| ۴۔ | ماحول کا توازن | ۱۸ |
| ۵۔ | خاندانی اقدار | ۲۴ |
| ۶۔ | قوانین سب کے لیے | ۲۸ |
| ۷۔ | اپنے مسائل ہم خود حل کریں گے | ۳۲ |
| ۸۔ | عوامی سہولتیں اور ہمارا اسکول | ۳۵ |
| ۹۔ | نقشہ: ہمارا ساتھی | ۳۹ |
| ۱۰۔ | بھارت کا تعارف | ۴۴ |
| ۱۱۔ | ہمارا گھر اور ماحول | ۵۱ |
| ۱۲۔ | سب کے لیے غذا | ۵۸ |
| ۱۳۔ | غذا کو محفوظ کرنے کے طریقے | ۶۴ |
| ۱۴۔ | آمد و رفت کا نظام | ۶۸ |
| ۱۵۔ | خبر رسانی کے ذرائع | ۷۳ |
| ۱۶۔ | پانی | ۷۷ |
| ۱۷۔ | لباس - ہماری ضرورت | ۸۲ |
| ۱۸۔ | ماحول اور ہم | ۸۹ |
| ۱۹۔ | غذائی اجزا | ۹۶ |
| ۲۰۔ | ہمارے جذبات کی دنیا | ۱۰۳ |
| ۲۱۔ | کام میں مصروف ہمارے اندرونی اعضا | ۱۰۷ |
| ۲۲۔ | نشوونما اور شخصیت کا ارتقا | ۱۱۵ |
| ۲۳۔ | متعدّی امراض اور ان کی روک تھام | ۱۲۱ |
| ۲۴۔ | اشیا، چیزیں اور توانائی | ۱۲۷ |
| ۲۵۔ | سماجی صحت | ۱۳۳ |


**The following foot notes are applicable :-**


1. © Government of India, Copyright 2015.


2. The responsibility for the correctness of internal details rests with the publisher.
3. The territorial waters of India extend into sea to a distance of twelve nautical miles measured from the appropriate base line.
4. The administrative headquarters of Chandigarh, Haryana and Punjab are at Chandigarh.
5. The interstate boundaries amongst Arunachal Pradesh, Assam and Meghalaya shown on this map are as interpreted from the "North-Eastern Areas (Reorganisation) Act.1971," but have yet to be verified.
6. The external boundaries and coastlines of India agree wih the Record/Master Copy certified by Survey of India.
7. The state boundaries between Uttarakhand & Uttar Pradesh, Bihar & Jharkhand and Chattisgarh & Madhya Pradesh have not been verified by the Governments concerned.
8. The spellings of names in this map, have been taken from various sources.